آدمی اپنے دوست کے دین پر ہو تا ہے، لہٰذا تم میں سے ہر شخص کو یہ دیکھنا چاہیے کہ وہ کس سے دوستی کررہا ہے۔

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ اللہ کے رسول وسلم عليه الله صلى نے فرمایا: "آدمی اپنے دوست کے دین پر ہو تا
ہے، لہٰذا تم میں سے ہر شخص کو یہ دیکھنا چاہیے کہ وہ کس سے دوستی کررہا ہے۔"
[َح سَ نْ]

اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ و سلم نے بتایا ہے کہ ایک انسان کی سیرت اور اخلاق ویسے ہی ہوا کرتے ہیں، جیسے اس کے ساتھی اور دوست کے ہوا کرتے ہیں۔ دوستی کا اثر اخلاق، کردار اور معاملات پر پڑتا ہی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ آپ نے اچھے دوست کا انتخاب کرنے کی ہدایت دی ہے۔ کیوں کہ اچھا دوست ایمان، ہدایت، خیر کی راہ دکھاتا ہے اور ان چیزوں میں اس کی مدد کرتا ہے۔

/3122 show/ur/ hadeeth/ global. sunnah:// https